پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ ورکشاپ ،قصور سمیت دیگر ہسپتالوں کے ڈاکٹرز انرسز کی شرکت

بچاؤ و علاج کیلئے مستند معالج کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں :پروفیسر طاہر صدیق اڈاکٹر محمد مقصود

ڈینگی بخار میں مبتلا مریض تربیت یافتہ ڈاکٹرز سے اطمینان کے ساتھ علاج کرواسکیں گے :پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

پاکستان میں ڈینگی وائرس دیگر امراض کی طرح عام بیماری بن چکی ہے :پروفیسر الفرید ظفر

پی جی ایم آئی ہیلتھ ایجوکیشن پروگرام میں ڈاکٹرز کے نالج کواپ ڈیٹ کرنے کیلئے سیمینار وتربیتی ورکشاپ کا سلسلہ جاری

لاہور 19مارچ:...... محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی ہدایت پر لاہور جنرل ہسپتال میڈیکل یونٹ 3 کے زیر اہتمام ڈاکٹرز اور نرسز کیلئے ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ کی تربیت ورکشاپ کاانعقاد کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال قصور، لاہور کے نجی ہسپتال کے ڈاکٹرز ،نرسز کے علاوہ ایل جی ایچ میں نئے تعینات ہونے والے ہاؤس آفیسرز اور پی جی آرز نے شرکت کی ۔پروفیسر ڈاکٹر طاہر صدیق اور اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد مقصود نے تربیت میں حصہ لینے والوں کو ڈینگی بخار کی علامات، تشخیص اور مریضوں کے علاج ا کلینیکل مینجمنٹ بارے اپنے وسیع تجربہ کی روشنی میں آگاہی فراہم کی ۔انہوں نے کہا کہ ڈینگی بخار کو بگڑنے سے بچانے کے لئے مستند معالج کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں کیونکہ ڈینگی کے مریض کو بہت سی پیچیدگیاں لاحق ہونے کا خطرہ ہوتا ہے اور مذکورہ مریضوں میں فلوڈ مینجمنٹ کی بہت زیادہ ضرورت درپیش ہوتی ہے تا کہ مریض ڈینگی شاک سنڈروم کا شکار نہ ہو اور اس کے پھیپھڑوں میں پانی نہ جائے لہذا ضروری ہے کہ ابتدا میں ہی تمام باتوں کا خیال رکھتے ہوئے تشخیص وعلاج کے تمام مراحل میں کلینیکل مینجمنٹ کے ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

اس موقع پر پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے تربیت مکمل کرنے والے ڈاکٹرز اور نرسز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ جن ڈاکٹرز و نرسز نے ڈینگی کلینیکل مینجمنٹ مکمل کر کے سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے وہ اس بات کی سند ہے کہ انہیں ڈینگی کے مریض کے علاج و دیکھ بھال بارے مہارت حاصل ہو چکی ہے جو مریضوں میں ان کے اعتماد کا باعث بنے گی اور ڈینگی کے مریض اُن سے اطمینان کے ساتھ علاج کرواسکیں گے۔

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ ڈینگی اب پاکستان میں دیگر امراض کی طرح عام بیماری بن چکی ہے جو ہر سال کم یا زیادہ شدت کے ساتھ صوبے اور ملک کے مختلف علاقوں کے گرم مرطوب موسم میں مچھروں کی افزائش بڑھنے کی وجہ سے ہوتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ اس مرض کی روک تھام کے لئے ضروری ہے کہ ڈینگی مچھر کی افزائش پر قابو پایا جائے جس کے لئے عوام کی بڑے پیمانے پر شرکت ناگزیر ہے کیونکہ شہریوں کے گھروں کے اندر ڈینگی ہاٹ سپاٹس کا خاتمہ اُس گھر کے رہائشیوں کی بھی ذمہ داری ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ اگر چہ گزشتہ دس سال سے ڈینگی بارے محکمہ صحت و دیگر ادارے ذرائع ابلاغ کے ذریعے آگاہی مہم چلاتے ہیں تاہم عوام کو اس ضمن میں فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ دینی چاہیے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ جمع شدہ پانی کو ضائع کر دیں تا کہ ڈینگی کا مچھر پیدا نہ ہو۔ سربراہ جنرل ہسپتال نے طب سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفظان صحت کے اصولوں سے متعلق پیغام عام کریں تا کہ لوگ احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے اس بیماری سے محفوظ رہ سکیں ۔انہوں نے کہا کہ پی جی ایم آئی کے ہیلتھ ایجوکیشن پروگرام کے تحت ڈاکٹروں کے نالج کواپ ڈیٹ کرنے کے لئے سیمینار وتربیتی ورکشاپ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر کاشف عزیز، ڈاکٹر رانا اطہر، ڈاکٹر عمر اعجاز، ڈاکٹر سلمان شکیل، ڈاکٹر عبدالعزیز اور ڈاکٹر سید جعفر حسین بھی موجود تھے۔

☆☆☆

پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر، پروفیسر طاہر صدیق اور اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد مقصود "ڈینگی کلینکل مینجمنٹ" ورکشاپ میں لیکچرز دے رہے ہیں